ممبران کے فراہم کردہ ای میل ایڈریس پر بذریعہ ای میل بھی انہیں شیئر کیا جائے گا۔ممبران کے مطالبہ پر مذکورہ بالا سالانہ رپورٹ کی پرنٹ شدہ نقل بھی فراہم کی جاسکتی ہے۔

**9. کمپنی کی ویب سائٹ پر پڑتال شدہ مالیاتی اسٹیٹمنٹس کی دستیابی** : مالیاتی اسٹیٹمنٹس اور رپورٹس کمپنی کی ویب سائٹ www.asiainsurance.com.pk پر شائع کردی گئی ہیں۔

10. کمپنی ایکٹ 2017ء کے سیکشن 143 – 145 اور کمپنیز (پوسٹل بیلٹ) ضوابط، 2018ء کی مروجہ شقوں پر عمل درآمد سے مشروط ممبران حق رائے دہی کے مطالبے کا حق استعمال کرسکتے ہیں۔

11. ایکٹ کے سیکشن 244 کی تعمیل میں کمپنی نے لادعویٰ منافع منقسمہ کی تفصیلات اپنی ویب سائٹ پر شائع کردی ہیں اور ای سروسز پورٹل کے ذریعے کمیشن کو بیان جمع کرایا ہے جس میں منافع منقسمہ کی رقم درج ہے جو عرصہ 3 سال تک لادعویٰ رہی۔

**12. فزیکل شیئرز کی CDC اکاؤنٹس میں منتقلی**

سکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان نے اپنے سرکلر نمبر CSD/ED/Misc./2016-639-640 مؤرخہ 26 مارچ 2021ء کے ذریعے لسٹڈ کمپنیوں کو ایسے ممبران سے رابطہ کرنے کی تلقین کی ہے جن کے شیئرز ابھی تک فزیکل فارم میں ہیں کہ وہ اپنے شیئرز کو بک انٹری فارم میں تبدیل کروائیں۔ہم یہاں فزیکل شیئرز رکھنے والے تمام ممبران سے التماس کرتے ہیں کہ وہ پہلی فرصت میں اپنے شیئرز کو بک انٹری فارم میں تبدیل کروائیں۔سنٹرل ڈیپازیٹری سسٹم میں اکاؤنٹ کھولنے کے لئے انہیں سنٹرل ڈیپازیٹری کمپنی آف پاکستان لمیٹڈ یا پاکستان اسٹاک ایکسچینج کے کسی ممبر/اسٹاک بروکر سے رابطہ کرنے کی تجویز دی جاتی ہے تاکہ انہیں فزیکل شیئرز کی بک انٹری فارم میں تبدیلی کی سہولت میسر آسکے۔ممبران کو بک انٹری فارم میں شیئرز رکھنے کے متعدد فوائد کے بارے میں بتایا گیا ہے جس میں مندرجہ ذیل شامل ہیں لیکن یہ محدود نہیں شیئرز کا محفوظ اور پرسکون قبضہ، بآسانی قابل تجارت وقابل انتقال، گمشدگی، خرابی یا چوری کا کوئی خدشہ نہیں، شیئرز کی بک انٹری فارم میں تبدیلی پر کوئی سٹامپ ڈیوٹی نہیں۔ہم ایک مرتبہ پھر کمپنی کے شیئر ہولڈرز کو تجویز کرتے ہیں کہ فزیکل شیئرز کو فی الفور بک انٹری فارم میں تبدیل کرنا اُن کے بہترین مفاد میں ہے۔

4. شیئرہولڈرز کو اپنے پوسٹل ایڈریس میں کسی بھی قسم کی تبدیلی سے متعلق کمپنی کو فی الفور آگاہ کرنا ہوگا۔

5. CDC اکاؤنٹ ہولڈرز کو (سکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کے جاری کردہ) مؤرخہ 26 جنوری 2000ء کے سرکلر 1 میں فراہم کردہ ہدایات پر عمل کرنا ہوگا:

**اجلاس میں شرکت کرنا**

i. فرد واحد کی صورت میں اکاؤنٹ ہولڈرز یا ذیلی اکاؤنٹ ہولڈرز اور/ یا وہ شخص جس کی سکیورٹیز گروپ اکاؤنٹ میں ہیں اور CDC ضوابط کے تحت ان کی رجسٹریشن تفصیلات شائع کی گئی ہیں اجلاس کے موقع پر اپنا اصلی شناختی کارڈ یا اصلی پاسپورٹ پیش کر کے اپنی شناخت ثابت کریں گے۔

ii. کاروباری اداروں کی صورت میں پراکسی فارم کے ہمراہ بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد/ مختار نامہ بمعہ نامزد فرد کے نمونہ کے دستخط (بمعہ شناختی کارڈ) اجلاس کے موقع پر پیش کئے جائیں گے۔

**پراکسی کی تقرری**

i. فرد واحد کی صورت میں اکاؤنٹ ہولڈرز یا ذیلی اکاؤنٹ ہولڈرز اور/ یا وہ شخص جس کی سکیورٹیز گروپ اکاؤنٹ میں ہیں اور CDC ضوابط کے تحت ان کی رجسٹریشن تفصیلات شائع کی گئی ہیں کو مذکورہ بالا معیارات کے مطابق پراکسی فارم جمع کرانا ہوگا۔

ii. دو افراد پراکسی فارم کی تصدیق کریں گے جن کے نام، پتے اور شناختی کارڈ نمبر فارم میں درج ہوں۔

iii. مستفید ہونے والے افراد اور پراکسی کے شناختی کارڈ اور پاسپورٹ کی مصدقہ نقول پراکسی فارم کے ساتھ فراہم کی جائیں گی۔

iv. پراکسی کو اجلاس کے موقع پر اپنا اصلی شناختی کارڈ اور اصلی پاسپورٹ پیش کرنا ہوگا۔

v. کاروباری اداروں کی صورت میں پراکسی فارم کے ہمراہ بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد/ مختار نامہ بمعہ نامزد فرد کے نمونہ کے دستخط (اور نامزد شخص کے شناختی کارڈ کی مصدقہ نقل) کمپنی کو جمع کرائے جائیں گے۔

6. CDC میں بک انٹری سکیورٹیز کی صورت میں ممبران سے التماس ہے کہ وہ اپنے متعلقہ CDC شراکت داروں کو مندرجہ ذیل کے بارے میں آگاہ کریں اور فزیکل شیئرز کی صورت میں کمپنی کے شیئرز رجسٹرار کو مذکورہ زیریں کے بارے میں آگاہ کریں، اگر پہلے آگاہ/ مطلع نہیں کیا گیا ہے:

a. ان کے پتوں میں تبدیلی

b. شناختی کارڈ کی کارآمد اور قابل قبول فوٹو کاپیاں برائے فرد واحد اور NTN فرد واحد اور کاروباری اداروں دونوں کیلئے

7. دوسرے شہر میں مقیم 10% یا زائد شیئرز ہولڈنگ رکھنے والے ممبران اجلاس میں شرکت کے لئے ایکٹ کے سیکشن 134(1)(b) کے تحت وڈیو کانفرنس کی سہولت حاصل کر سکتے ہیں۔ ایسے اراکین کا اقرار نامہ اجلاس کے انعقاد سے کم از کم 10 یوم قبل کمپنی کے رجسٹرڈ آفس میں پہنچا جانا چاہئے۔

8. **بذریعہ QR کوڈ اور ای میل سالانہ پڑتال شدہ مالیاتی اسٹیٹمنٹس کی ترسیل:** سالانہ رپورٹ بمعہ کمپنی کی مالیاتی اسٹیٹمنٹس مندرجہ ذیل QR کو استعمال کر کے دیکھی جا سکتی ہیں:

# نوٹس برائے سالانہ اجلاس عام

بذریعہ نوٹس ہذا مطلع کیا جاتا ہے کہ ایشیا انشورنس کمپنی لمیٹڈ ("کمپنی") کے ممبران کا 45واں سالانہ اجلاس عام بروز جمعہ مؤرخہ 24 اپریل، 2026ء بوقت 11:30 بجے دن بمقام C/D 19 بلاک L، گلبرگ III، لاہور میں مندرجہ ذیل امور پر بحث کے لئے منعقد ہوگا۔

**عمومی امور:**

1. 27 نومبر 2025ء کو منعقد ہونے والے غیر معمولی اجلاس عام کی روئیداد کی توثیق کرنا۔
2. 31 دسمبر 2025ء کو اختتام پذیر سال کے لئے کمپنی کے پڑتال شدہ کھاتوں اور ان پر ڈائریکٹرز اور آڈیٹرز کی رپورٹ کو وصول کرنا، زیر غور لانا اور اپنانا۔
3. میسرز الیاس سعید اینڈ کو، چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس کی بطور کمپنی آڈیٹرز دوبارہ تقرری کرنا اور 31 دسمبر 2026ء کو اختتام پذیر سال کے لئے ان کا معاوضہ طے کرنا۔
4. چیئرمین کی اجازت سے کمپنی کے دیگر امور کو زیر غور لانا۔

**لاہور** **بحکم بورڈ**

**03 اپریل 2026ء**

شازیہ حفیظ

**کمپنی سیکریٹری**

**نوٹس:**

1. کمپنی کی شیئر ٹرانسفر بکس مؤرخہ 17-04-2026 تا 24-04-2026 (بشمول دونوں ایام) بند رہیں گی۔ 16-04-2026 کو کاروبار بند ہونے تک ہمارے شیئر رجسٹرار میسرز کارپ لنک (پرائیویٹ) لمیٹڈ ونگز آرکیڈ K-1 ماڈل ٹاؤن لاہور کو موصول ٹرانسفرز اجلاس میں شرکت کی غرض سے بروقت وصولی شمار کی جائیں گی۔
2. بذریعہ زوم ایپلی کیشن AGM میں شرکت کرنے کے خواہشمند شیئر ہولڈرز سے التماس ہے کہ وہ AGM کے انعقاد سے کم از کم 2 یوم قبل کمپنی سیکریٹری کے دفتر میں corprate@asiainsurance.com.pk پر بذریعہ ای میل اور 03154008755 پر بذریعہ وٹس ایپ یا ایس ایم ایس مندرجہ ذیل معلومات فراہم کر کے اپنا اندراج کرائیں:

| نام شیئر ہولڈر | شناختی کارڈ نمبر | فولیو/CDS نمبر | فون نمبر | ای میل ایڈریس |
|---|---|---|---|---|
| | | | | |

لاگ ان کی سہولت اجلاس کے انعقاد سے تیس منٹ قبل فعال ہو جائے گی تاکہ شرکاء شناختی عمل سے گزرنے کے بعد اجلاس میں شرکت کر سکیں۔ شیئر ہولڈرز اپنی شناخت اور توثیق کے تمام تقاضوں کو پورا کرنے کے بعد ذاتی حیثیت میں یا بذریعہ پراکسی اجلاس میں لاگ اِن یا شرکت کر سکیں گے۔

3. اجلاس میں ووٹ اور شرکت کرنے کا اہل رکن اپنی جگہ اجلاس میں شرکت اور ووٹ کرنے کے لئے کسی دوسرے رکن کو اپنا پراکسی مقرر کر سکتا ہے۔ مؤثر کرنے کی غرض سے پراکسی کی تقرری کا باقاعدہ دستخط شدہ/نوٹری سے تصدیق شدہ نقل دستاویز کمپنی کے رجسٹرڈ آفس میں اجلاس کے انعقاد سے کم از کم 48 گھنٹے قبل پہنچ جانا چاہیے۔